**30.08.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. آسیہ میمونہ

**Music**

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے ممبئی میں گلوبل Fintech Fest میں بھارت کی مہارت کا ذکر کیا۔ اُنہوں نے خاص طور پر کہا کہ Fintech شعبے میں مالی خدمات کو زیادہ سے زیادہ عوام تک پہنچانے میں اہم رول ادا کیا ہے۔

☆ وزیراعظم نے مہاراشٹر کے شہر پال گھر میں بھارت کی سب سے بڑی اور گہری بندرگاہ کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔

☆ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ بات چیت میں رکاوٹ کا دور ختم ہوگیا ہے، کیونکہ اب اقدامات کے نتائج برآمد ہوگئے ہیں۔

☆ وقف ترمیمی بل سے متعلق مختلف فریقوں کی تجویزیں حاصل کرنے کیلئے، پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کی میٹنگ نئی دِلی میں جاری ہے۔

☆ اور پیرس میں پیرالمپک کھیل مقابلوں میں بھارتی کھلاڑی، نشانے بازی، ایتھلیٹکس اور بیڈمنٹن میں آج دوسرے دن اپنی کارکردگی کا اظہار کریں گے۔

اب خبریں تفصیل سے............

**Mumbai PM**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ بھارت کی Fintech سے عالمی سطح پر لوگوں کی زندگیوں میں آسانی پیدا ہوگی۔ ممبئی میں ایک خصوصی عالمی Fintech Fest (GFF) 2024 سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہاکہ بھارت کی Fintech کو، جتنی رفتار سے اور جس پیمانے پر اپنایا جارہا ہے، وہ بے مثال ہے اور دنیا کے بروقت ڈیجیٹل لین دین میں سے، آدھا لین دین، بھارت میں کیا جاتا ہے۔ وزیراعظم نے کہاکہ مالی خدمات کو زیادہ سے زیادہ عوام تک پہنچانے میں Fintech کا اہم رول رہا ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ ڈیجیٹل لین دین سے، پیسے کے غیرقانونی لین دین کی لعنت میں کمی آئی ہے اور بینک نظام میں شفافیت میں اضافہ ہوا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ بھارت میں Fintech سے متعلق جو یکسر تبدیلی آئی ہے، وہ محض ٹیکنالوجی تک محدود نہیں ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ اِن اقدامات کے سماجی اثرات، دوررَس ہیں۔ وزیرِاعظم نے GFF نمائش بھی دیکھی، جس میں Fintech منظر نامے سے متعلق تازہ ترین اختراعات کو نمایاں کیا گیا ہے۔

اِس موقع پر، بھارتیہ ریزروبینک کے گورنر شکتی کانت داس نے کہا کہ اب بھارت، یکسر تبدیلی کے دہانے پر ہے، جب ٹیکنالوجی ہر ایک شہری کی امنگوں کو پورا کرنے کا وسیلہ بنے گی۔ گلوبل Fintech Fest GFF-2024 کا انعقاد مشترکہ طور پر، بھارت کی ادائیگیوں سے متعلق کونسل، بھارت کے ادائیگیوں سے متعلق قومی کارپوریشن اورFintech Convergence کونسل کررہی ہیں۔ کانفرنس میں 300 سے زیادہ اجلاس سے تقریباً 800 مقررین خطاب کریں گے، جن میں بھارت اور دیگر ملکوں کے پالیسی ساز، ضابطہ کار، سینئر بینکرس، سرکردہ صنعتکار اور ماہرین تعلیم شرکت کریں گے۔

**PM Vadhvan Port**

وزیرِاعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ مہاراشٹر کے پال گھر میں آئندہ Vadhvan بندرگاہ ایک بہت خصوصی پروجیکٹ ہے جو بھارت کی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بندرگاہ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے جناب مودی نے مزید کہا کہ بھارت کے سب سے بڑے گہرے پانی کے بندرگاہ پروجیکٹ کے آج شروع ہونے سے ترقی کے پاور ہاؤس کے طور پر مہاراشٹر کے کلیدی رول کی بھی توثیق کرے گا۔

**Jaishankar Pak**

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ بات چیت میں رکاوٹ کا دورختم ہوگیا ہے۔ انہوں نے خاص طور پر کہا کہ اب اقدامات کے نتائج برآمد ہوچکے ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر نے یہ بات نئی دِلی میں ایک کتاب کے اجراء کی تقریب میں کہی۔ اُنہوں نے کہاکہ بھارت، پاکستان سے نمٹنے میں پیچھے نہیں ہے اور حالات، خواہ مثبت رخ اختیار کریں یا منفی، بھارت اپنا ردِعمل ظاہر کرے گا۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ جموں وکشمیر میں دفعہ 370 ختم کی جاچکی ہے۔

بنگلہ دیش کے بارے میں وزیر موصوف نے کہاکہ بھارت پڑوسی ملک میں موجودہ وقت کی حکومت کے ساتھ رابطہ رکھے گا اور وہ وہاں سیاسی تبدیلیوں کے دوران باہمی مفاد پر نظر رکھے گا۔

مالدیپ کے ساتھ بھارت کے تعلقات کے بارے میں اُنہوں نے کہاکہ مالدیپ سے متعلق بھارت کے نظریات میں نشیب و فراز آئے ہیں۔

افغانستان کے ساتھ بھارت کے تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہاکہ عوام سے عوام کے درمیان رشتے سماجی سطح پر مضبوط ہیں اور بھارت، افغان پالیسی کا جائزہ لینے کے بعد بھارت کا نظریہ اپنے مفاد کے بارے میں واضح ہے۔

## Waqf Meeting

وقف ترمیمی بل2024 سے متعلق مشترکہ کمیٹی کی میٹنگ فی الحال نئی دِلی میں جاری ہے، جس کا مقصد مختلف فریقوں سے اُن کے نظریات اور تجاویز حاصل کرنا ہے۔
لوک سبھا سکریٹریٹ کے مطابق ممبئی کی آل انڈیا سنی جماعت العلماء اور Indian Muslim for Civil Rights of New Delhi، آج کمیٹی کے سامنے اپنے نظریات کا اظہار کررہے ہیں۔
وقف ترمیمی بل 2024 سے متعلق پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی نے، جسے لوک سبھا ممبر پارلیمنٹ جگدمبیکا پال کی صدارت میں تشکیل دیا گیا ہے، متعلقہ فریقوں سے اُن کے نظریات اور تجاویز طلب کی ہیں۔ اِن فریقوں میں عوام، غیرسرکاری تنظیمیں، ماہرین اور ادارے شامل ہیں۔
وقف ترمیمی بل 2024 سے متعلق پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کی پہلی میٹنگ اِس ماہ کی 22 تاریخ کو منعقد کی گئی تھی۔ 31 رکنی کمیٹی میں لوک سبھا کے 21 ارکان اور راجیہ سبھا کے 10 ارکان شامل ہیں۔

## BJP CEC Meeting

کل شام نئی دلّی میں پارٹی ہیڈ کوارٹر میں BJP کی مرکزی انتخابی کمیٹی کی میٹنگ ہوئی۔ وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ، BJP کے صدر جے پی نڈا، ہریانہ میں پارٹی کے چناوٗ انچارج اور مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان اور پارٹی کے دیگر سینئر رہنماؤں نے اِس میٹنگ میں شرکت کی۔ ہریانہ کے آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے امیدواروں کے ناموں کو قطعی شکل دینے کیلئے اِس میٹنگ کا اہتمام کیا گیا تھا۔
اِس دوران، کل اِس سے پہلے نئی دلّی میں BJP کی ہریانہ کور کمیٹی کی میٹنگ بھی ہوئی۔ یہ میٹنگ جناب نڈا کی رہائش گاہ پر ہوئی، جس میں جناب شاہ، جناب پردھان اور پارٹی کے دیگر سینئر لیڈروں نے شرکت کی۔

## Queer Join Account

خزانے کی وزارت نے کہا ہے کہ Queer یا مخنث برادری کے افراد کیلئے، ایسی کوئی بندش نہیں ہے کہ وہ مشترکہ بینک کھاتہ نہیں کھول سکتے یا Nominee کے طور پر اپنے کسی متعلقہ شخص کا نام پیش نہیں کرسکتے۔ وزارت کے مالی خدمات کے محکمے نے اِس سلسلے میں کل ایک ہدایت جاری کی ہے۔ Queer برادری سے متعلق یہ ہدایت وزارت کی طرف سے، سپریا چکربورتی اور دیگر بنام بھارت مقدمے میں 17 اکتوبر 2023 کے سپریم کورٹ کے حکم کے تناظر میں جاری کی گئی ہے۔ ہدایت میں یہ بات خاص طور سے کہی گئی ہے کہ کسی کھاتے دار کی موت کی صورت میں کھاتے میں موجود رقم، یہ Nominee حاصل کرسکتا ہے۔

## Noida Airport

امید ہے کہ اترپردیش کے مقام Jewar میں نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر کمرشیل پروازیں اگلے سال اپریل میں شروع ہوجائیں گی۔ ہوائی اڈّے کے پہلے مرحلے میں ایک رَن وے اور ایک ٹرمینل ہوگا، جس پر سالانہ ایک کروڑ 20 لاکھ مسافر آمدورفت کرسکیں گے۔ نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈّے سے دِلی کے آس پاس کے مزید علاقوں اور مغربی اترپردیش کا رابطہ، بھارت کے دیگر شہروں اور دنیا کے دوسرے علاقوں سے قائم ہوگا۔

## Moody's Rating

نیویارک میں قائم عالمی درجہ بندی سے متعلق ایجنسی Moody نے بھارت کیلئے اصل مجموعی گھریلو پیداوار کی شرحِ نمو کے اپنے تخمینے میں اضافہ کیا ہے۔ اُس نے مالی سال 2024 کیلئے 7 اعشاریہ دو فیصد شرحِ ترقی کا اندازہ لگایا ہے، جبکہ اِس سے پہلے 2024 کیلئے اُس نے 6 اعشاریہ آٹھ فیصد کا تخمینہ لگایا تھا۔ عالمی درجہ بندی سے متعلق ایجنسی نے 2025 کیلئے بھی اپنے اندازے میں تبدیلی کرتے ہوئے اِسے 6 اعشاریہ چھ فیصد رکھا ہے۔
Moody نے اِس بات کا اظہار کیا ہے کہ 2024 کی پہلی سہ ماہی میں بھارتی معیشت نے سخت اقتصادی پالیسی اور مالی استحکام کی خاطر کوششوں کے باوجود 7 اعشاریہ آٹھ فیصد کی شرح سے ترقی کی۔ اُس نے اِس بات کو بھی اُجاگر کیا ہے کہ صنعتوں اور خدمات سے متعلق دونوں شعبے خاطر خواہ ترقی کررہے ہیں۔

## India Chaina

بھارت اور چین نے سرحدی علاقوں میں زمینی سطح پر امن اور استحکام کو برقرار رکھنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ دونوں ملکوں نے اِس بات کا اعادہ کیا ہے کہ امن وامان کی بحالی اور حقیقی لائن آف کنٹرولٔ LAC کا احترام دوطرفہ تعلقات کو معمول پر لانے کے لیے بے حد ضروری ہیں۔
بھارت۔چین سرحدی امور سے متعلق مشاورت اور تال میل کے کام کرنے کے طریقہ کار WMCC کی 31 ویں میٹنگ کل بیجنگ میں منعقد ہوئی۔ وزارت خارجہ میں مشرقی ایشیا کے امور کے جوائنٹ سکریٹری Gourangalal Das نے اِس میٹنگ میں بھارت کے وفد کی قیادت کی جبکہ چین کی وزارت خارجہ میں سرحدی اور سمندری معاملات کے محکمے کے ڈائریکٹر جنرل Hong Liang نے چین کے وفد کی قیادت کی۔
وزارت خارجہ کے مطابق دونوں ملکوں نے سفارتی اور فوجی ذرائع کے ذریعہ اپنے رابطے کو مستحکم کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ بھارتی وفد کے قائد نے چین کی وزارت خارجہ کے نائب وزیر سے بھی ملاقات کی۔

## Paris Paralympics

پیرس میں جاری پیرالمپک کھیلوں کے دوسرے دن بھارتی کھلاڑی آج تین مختلف کھیلوں میں اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کریں گے اور تمغہ جیتنے کی کوشش کریں گے۔

نشانے بازی میں ٹوکیو میں سونے کا تمغہ جیتنے والی Avani لیکھارا کے علاوہ چار دیگر کھلاڑی کوالیفکیشن راؤنڈ اور ممکنہ فائنل میں اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کریں گے۔ اُن کی نگاہیں تمغہ جیتنے پر مرکوز ہوں گی۔

تین پیرا ایتھیلیٹکس مقابلے بھی ہوں گے جن میں جیوتی ترنگ اور ساکشی کسانا خواتین کے ڈسکس تھرو میں، پریتی پال خواتین کے سو میٹر دوڑ میں اور Manu مردوں کے شاٹ پُٹ مقابلے میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ اس کے علاوہ پہلے دن سے ہی بیڈمنٹن کے مقابلے بھی جاری ہیں۔

## US Open Tennis

یو ایس اوپن ٹینس میں، بھارت کے ٹینس کھلاڑی روہن بوپنا اور اُن کے آسٹریلیائی کھلاڑی Matthew Ebden کی جوڑی، ہالینڈ کے Robin Haase اور Sander Arends کو چھ-تین، سات-پانچ سے ہراکر دوسرے دور میں پہنچ گئی ہے۔ دوسرے درجے کی بھارت اور آسٹریلیا کی جوڑی آج دوسرے راؤنڈ کیلئے مقابلہ کرے گی۔

مردوں کے ڈبلز میں بھارت کے این سری رام بالاجی اور یوکی بھامبری اپنے متعلقہ ساتھی کھلاڑیوں کے ساتھ دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔

اِس سے پہلے خواتین کے سنگلز میں عالمی نمبر ایک کھلاڑی Iga Swiatek، جاپان کی کھلاڑی کو چھ-صفر، چھ-ایک سے ہراکر تیسرے دور میں پہنچ گئی ہیں۔

مردوں کے سنگلز میں عالمی نمبر ایک کھلاڑی Jannik Sinner بھی تیسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔

☆☆☆